اس کاوش کی بنیاد آنحضوؐر سے سراسر محبت وعقیدت کے جذبات ہیں، اس لیے یہاں شاعری کی فنی خوبیاں تلاش کرنا قرینِ انصاف نہ ہوگا مگر مصنف کی لگن اور محنت قابلِ داد ہے۔ پروفیسر عبدالجبار شاکر کا فاضلانہ مقدمہ (۳۵ صفحات) سیرت النبیؐ کے لٹریچر کا ایک جامع احاطہ پیش کرتا ہے۔]

◎ **مسجد کے فضائل واحکام**، مولانا مفتی محمد ارشاد۔ ناشر: زم زم پبلشرز، شاہ زیب سنٹر نزد مقدس مسجد، اُردو بازار، کراچی۔ صفحات: ۱۶۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [مسجد کی تعمیر، صفائی، آبادی، آدابِ مسجد، عبادت کا طریقہ، خواتین اور مسجد، مسجد میں دعائیں، جوتا کیسے رکھیں، بچے مسجد میں، دنیاوی امور اور مسجد وغیرہ۔ غرض کتاب اسی طرح کے ۱۷۲ احادیثی موضوعات اور عنوانات پر مشتمل ہے۔ مرتب جون پور، یوپی، بھارت کے ایک عالم ہیں۔ جن کا خیال ہے کہ ''موضوع کے متعلق ایسی جامع ترین کتاب شاید آپ [کہیں سے] نہ پاسکیں''۔]

◎ **مسلمان خواتین کی دینی وعلمی خدمات**، پروفیسر سید محمد سلیم۔ ناشر: زوار پبلی کیشنز، اے-۴/۱۷، ناظم آباد۴، کراچی ۷۴۶۰۰۔ فون: ۶۶۸۴۷۹۰۔ [مصنف مرحوم کی یہ نہایت مفید کتاب پہلی بار ربع صدی قبل شائع ہوئی۔ اب تیسری بار چھپی ہے۔ مصنف کی غرض یہ تھی کہ اسلامی تہذیب کی علم بردار خواتین کے کردار و گفتار و اعمال کی ایک جھلک قدرے وسیع تناظر میں پیش کرے۔ عالمِ اسلام بشمول برعظیم میں علومِ قرآن، حدیث، فقہ، شعروادب، تاریخ، فلسفہ، ریاضی، خطاطی، زراعت، تجارت وغیرہ مختلف شعبوں کی ماہر خواتین کا دل چسپ تذکرہ ـــــ مختصر مگر جامع کاوش۔ آخر میں سید سلیمان ندوی کا مضمون 'خواتین اور جنگی تعلیم' شامل ہے۔]

◎ **جنت کے پھول از گلدستۂ رسولؐ**، تالیف: مفتی محمد مسلم منصوری۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی، منصورہ، لاہور۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [زیرنظر ۴۰ احادیث کے مجموعے مرتب کرنے کی روایت کے تسلسل میں 'اربعین الاطفال' کے عنوان سے مرتب کیا گیا ہے۔ بچوں کے حوالے سے اس نوعیت کا مجموعہ کہیں کم ہی دیکھنے میں آیا ہے۔ مؤلف نے ہر حدیث کی تخریج، تشریح اور دیگر احادیث کا تذکرہ اور مستند حوالہ جات کا اہتمام بھی کیا ہے۔ بچوں کے فرصت کے حوالے سے والدین کے لیے ایک مفید راہ نما کتاب تیار ہوگئی ہے۔]

◎ **سرمایۂ اعتبار**، رئیس احمد نعمانی۔ ناشر: مرکز تحقیقات فارسی، کلچرل قونصلر، سفارت خانہ اسلامی جمہوریہ ایران، نئی دہلی۔ صفحات: ۱۸۶۔ قیمت: درج نہیں۔ [علی گڑھ میں مقیم جناب رئیس نعمانی معروف ناقد اور فارسی شاعر اور متعدد کتابوں کے مؤلف ہیں۔ یہ ان کی منتخب فارسی شاعری (منظومات، غزلیات، تعزیتی نظمیں وغیرہ) کا مجموعہ ہے۔ اہلِ ذوق اور فارسی خواں استفادہ کرسکتے ہیں۔]

◎ **نخلِ اُمید کا خوش رنگ ثمر**، ڈاکٹر عبدالقدیر اصغر۔ ترتیب وتدوین: ڈاکٹر ممتاز عمر۔ ملنے کا پتا: ۵-۴۷۵-ٹی، کورنگی نمبر۲، کراچی۔ صفحات: ۱۳۸۔ قیمت: بلامعاوضہ۔ [مؤلف نے اپنے والد ڈاکٹر عبدالقدیر اصغر کا مجموعۂ کلام مرتب کیا ہے جو پختہ اور مقصدیت کا حامل ہے۔ منفرد لہجہ، روایتی شاعری سے مختلف ہے، ایک طرح سے آپ بیتی اور عصرِ حاضر کے ظلم وجبر کے خلاف چیلنج کی حیثیت رکھتی ہے۔]